مرکز الدراسات الاسلامیۃ
جامعۃ الرضا
بریلی شریف
یوپی، ہند
CENTER OF ISLAMIC STUDIES JAMIATUR RAZA
Markaz Nagar, Mathurapur, C.B. Ganj, Bareilly Sharif (U.P.), Pin- 243502



# پیغام

## حضور تاج الشریعہ

### حضرت علامہ مفتی محمد اختر رضا خاں قادری ازہری

رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ

**اہلسنت وجماعت سے عموماً اور سلسلۂ قادریہ برکاتیہ رضویہ سے وابستہ لوگوں کے لئے خصوصاً میری نصیحت ہے کہ:**

- مسلک اہل سنت وجماعت جس کو پہچان کے لئے مسلک اعلیٰ حضرت کہا جاتا ہے، اس پر مضبوطی سے قائم رہیں، بدمذہبوں خصوصاً رافضیوں، قادیانیوں، وہابیوں، دیوبندیوں اور صلح کلیوں سے اپنے آپ کو دور رکھیں، ان کی صحبت اور اُن سے میل جول کو اپنے اور اپنے ایمان کے لئے زہر قاتل سمجھیں۔
- خود بھی صوم وصلاۃ کے اور دیگر نیک کاموں کے پابند رہیں اور دوسروں کو بھی پابند بنانے کی کوشش کریں۔
- خود بھی بُرے کاموں سے دور رہیں اور دوسروں کو بھی بُرے کاموں سے دور رکھنے کی کوشش کریں۔
- ہمیشہ ہر جگہ اور ہر کام میں اچھے اخلاق کا مظاہرہ کریں۔
- نیک کاموں میں زیادہ سے زیادہ حصہ لیں۔
- غریبوں کی نیز ان کے بچوں کی تعلیم وتربیت اور شادی بیاہ میں ہر ممکن طریقے سے مدد کریں۔
- اپنے صدقات، زکوۃ اور عطیات دیتے وقت دینی مدارس کا تعاون کرنا نہ بھولیں۔ بالخصوص مرکز اہلسنت بریلی شریف کی عظیم درسگاہ جامعۃ الرضا کا خاص خیال رکھیں۔ دامے دِرمے قدمے سخنے وقتاً فوقتاً اس کی مدد کرتے رہیں اور اس کے مقاصد کو پایۂ تکمیل تک پہونچانے میں بھرپور حصہ لیں۔
- اپنے علاقوں میں عظیم الشان مدرسے اور لائبریریاں قائم کریں، ان میں اچھے پکے سنی علماء کو مقرر کریں، ان کے رہنے سہنے اور دیگر ضروریات پوری کرنے کا معقول انتظام کریں پھر اُن سے رابطہ میں رہ کر ہر دینی کام میں ان سے رہنمائی حاصل کریں۔

☆ مجھے امید ہے کہ آپ میری اس نصیحت پر خود بھی عمل کریں گے اور دوسروں کو بھی اس پر عمل کرنے کی تلقین کریں گے۔ مولیٰ تعالیٰ ہمیں دین متین کی زیادہ سے زیادہ خدمت کرنے کی توفیق رفیق عطا فرمائے، ہمارے دین وایمان کی حفاظت کرے اور اسی پر ہمارا خاتمہ فرمائے۔

آمین بجاہ النبی الکریم علیہ وعلیٰ آلہ افضل الصلاۃ واکرم التسلیم۔






# تعارفِ جامعہ

دین وملت کی مسلسل خدمات اور وقت کی نباضی اور جرأت مندانہ اقدامات سے متأثر ہوکر متحدہ ہندوستان نے بیک زبان "مرکز اہل سنت بریلی شریف" کا نعرہ بلند کیا کیونکہ اس مرکز کی رگوں میں "امام احمد رضا" کا علم وعرفان خون بن کر دوڑ رہا ہے جنہوں نے نہایت ہی خلوص وللّٰہیت کے ساتھ سوادِ اعظم اہل سنت و جماعت کی کامل رہنمائی کا بیڑا اُٹھایا جس کی دس نسلوں نے ملت کے ایمان واسلام کی مسلسل حفاظت وصیانت کی اور آج بھی یہ سلسلۂ زریں "جانشین حضور تاج الشریعہ" کے ذریعہ جاری وساری ہے جو اس مرکز کے دوامِ مرکزیت کا ضامن ہے۔ عرصۂ دراز سے مخیرانِ اہل سنت اور اربابِ عقیدت، مرکز میں ایک ایسے ادارے کی ضرورت شدت سے محسوس کر رہے تھے جو ہمہ جہت ہونے کے ساتھ ساتھ مرکز کے شایانِ شان بھی ہو۔ مرکز کے وفادار ومخلص احباب نے اپنی اس دیرینہ خواہش کا اظہار تاجدار اہل سنت حضور مفتی اعظم ہند قدس سرہٗ کی بارگاہ میں کیا جس سے آپ متأثر ہوئے بغیر نہ رہ سکے اور مرکز میں مرکز کے شایانِ شان ایک دینی قلعہ کی تعمیر کے لئے زمین کی فراہمی، نقشہ وماڈل کی تیاری اور دیگر ضروریات کے لئے بنفس نفیس کوشاں رہے مگر آپ کی حیات ظاہری نے وفا نہ کی اور اس طرح یہ عظیم دینی تعلیمی قلعہ تعمیر ہوتے ہوتے رہ گیا۔ لیکن عقیدتمندانِ مفتی اعظم اور جانثارانِ مرکز اہل سنت نے ہمت نہ ہاری، حضور مفتی اعظم کے اس خواب کی یاددہانی کراتے ہوئے جانشین مفتی اعظم کی بارگاہ میں اپنا عریضہ پیش کیا اور مُصر ہوئے کہ مفتی اعظم کا یہ خواب حضور کے ہاتھوں شرمندۂ تعبیر ہوجاتا جس کی مرکز کو اشد ضرورت ہے، چنانچہ اس عظیم ذمہ داری کی انجام دہی کے لئے آپ نے حامی بھر لی۔ جس کے نتیجہ میں شہر بریلی شریف سے آٹھ کلومیٹر مغرب میں بنام "مرکز الدراسات الاسلامیہ جامعۃ الرضا" حضور تاج الشریعہ علیہ الرحمہ کی سرپرستی اور شہزادۂ تاج الشریعہ کی نظامت میں ایک عظیم دینی قلعہ معرضِ وجود میں آیا۔ اس کا سنگ بنیاد حضور تاج الشریعہ علیہ الرحمہ نے ۲۴ صفر المظفر ۱۴۲۱ھ مطابق ۲۹ مئی ۲۰۰۰ء بروز پیر نامور علمائے کرام ومشائخ عظام کی موجودگی میں رکھا۔ یہ ادارہ اپنے یومِ تاسیس سے لے کر آج تک تعمیری وتعلیمی ہر اعتبار سے روز افزوں ترقی پر ہے۔ جہاں اس کی دیدہ زیب عمارتیں ہر گزرنے والے کو دعوت نظارہ دیتی ہیں، وہیں اس کا تعلیمی وتربیتی نظام طلبہ وسرپرست کے اندر خواہش داخلہ بیدار کرتا ہے۔ یوں تو یوم تاسیس کے بعد کچھ عرصہ میں ہی درس وتدریس کا آغاز ہوگیا تھا مگر درسِ نظامی ودیگر شعبہ جات کا باقاعدہ آغاز ۲۵ نومبر ۲۰۰۴ء سے ہوا اور قلیل مدت میں ہی جامعہ اپنے عمدہ نظام تعلیم وتربیت کی بنا پر کم عمری کے باوجود ملک ہند کے مدارسِ اہل سنت و جماعت کی صفِ اول میں اپنی اہمیت کا متحمل اور اپنی مثال آپ ہے۔ ادارے میں داخلہ لینے والے طلبہ کی تعداد میں ہر سال قابل قدر اضافہ اس کا واضح ثبوت ہے۔

# ہماری خصوصیات

● حضور تاج الشریعہ علیہ الرحمہ کی سرپرستی، وقتاً فوقتاً نصیحت واستفادہ نیز شہزادۂ تاج الشریعہ کی عمدہ نظامت۔ ● ہر جماعت میں محدود طلبہ کا داخلہ تاکہ درسگاہی نظم ونسق بہتر رہے۔ ● ابتدا ہی سے ماہر فن اساتذہ کی نگرانی میں تعلیم وتربیت۔ ● طلبہ کی درسگاہ میں زیادہ سے زیادہ حاضری، کم غیر حاضری پر زور۔ ● تعلیمی ایام میں نظام الاوقات کے مطابق ہی جامعہ میں شب وروز گزارنا۔ ● بعد نماز مغرب التزاماً تمام طلبہ کو ایک گھنٹہ کے لئے عربی محادثہ کی درسگاہ میں شرکت کرنا۔ ● ثقافتی سرگرمیوں کے تحت ہفتہ وارانہ بزم میں طلبہ کا لازمی طور پر حاضر ہونا۔ ● دارالاقامہ میں طلبہ کی آسانی کے لئے بیڈنگ سسٹم۔ ● جسم ودماغ کی صحت کے لئے غذا کی صحت ضروری ہے لہٰذا جامعہ میں اشیائے خورد ونوش کا بہتر سے بہتر انتظام جس میں طلبہ کو تینوں وقت مینو (منتخب اشیاء خوردنی) کے مطابق کھانا دیا جاتا ہے۔ ● پینے کے پانی سے ہونے والی بیماری سے طلبہ کو محفوظ رکھنے کے لئے آر و پلانٹ (R.O. Plant)۔ ● اساتذہ کی رہائش کے لئے نوری اسٹاف کالونی جو عنقریب اپنے تعمیری مراحل کو عبور کر کے جامعہ کی زینت بننے کو تیار ہے۔

# جامعہ کا مثالی آن لائن تعلیمی نظام

سال ۲۰۲۰ء کے اوائل سے ہی کورونا جیسی وبا کے سبب دنیا بھر کے معاشی ومعاشرتی کیا حالات رہے وہ کسی پر مخفی نہیں۔ کورونا سے بچاؤ کی تدابیر کے نام پر پوری دنیا تھم گئی، گھروں میں قید ہوکر رہ گئی، تمام معاشی مراکز ودیگر اجتماع عامہ کے مراکز بند ہوگئے، تعلیمی اداروں کے لئے وہ منتہائے سال کا وقت تھا مگر پھر بھی ان کو وقت مقرر سے پہلے ہی بند کرنا پڑا۔ ابتدا میں اس وبا سے تمام مراکز متاثر نظر آئے مگر کچھ عرصہ گزرنے کے بعد دیگر مراکز دھیرے دھیرے اپنی راہ پر لوٹ آئے مگر عبادت گاہیں اور تعلیمی ادارے اپنی عظمت رفتہ کی تلاش میں سرگرداں رہے اور تعلیمی سال مکمل ہونے کے بعد سالانہ تعطیلات کے بعد جب حکومت کی جانب سے ان کے کھلنے کی اجازت نہیں ملی تو ایک طرف جہاں ان اداروں کے وجود وبقا پر خطرات کے بادل منڈرانے لگے وہیں دوسری طرف طلبہ کے ناقابل تلافی تعلیمی خسارے کی فکر بھی دامن گیر ہوئی۔ ایسے میں اداروں کے سامنے اپنے وجود کو بچانا ایک اہم سوال تھا اور طلبہ کو تعلیمی خسارے سے بچانا دوسرا اہم سوال تھا۔ تعلیمی اداروں نے اپنے اپنے طور پر طلبہ کا تعلیمی نقصان نہ ہو، یا ہو تو کم سے کم ہو، اس کی تدابیر کرنی شروع کردیں اور ہر ایک ادارہ اپنی بساط بھر طلبہ کو اس بحران سے نکالنے کی سعی کرنے لگا۔ مرکزیت کی شان مانے اور کہے جانے والے آپ کے محبوب ادارے "جامعۃ الرضا" نے بھی اس طرف سعی کی اور الحمدللہ ایسے نازک حالات میں اپنے محسن وکرم فرما سربراہ وقائد کی بے مثال عنایت وقیادت میں آپ حضرات کے بے لوث تعاون سے پورے تعلیمی سال میں اپنی نمایاں کارکردگی سے جہاں اپنے وجود کو نہ صرف بچایا بلکہ استحکام بخشا اور طلبہ کو بھی تعلیمی خسارے سے ایسا بچایا کہ ادارے کی آن لائن تعلیم کا نظام ملکی سطح پر نظیر بن گیا، طلبہ کے لئے گھر بیٹھے ہی live کلاسز حاضری کے اہتمام کے ساتھ نظام الاوقات کے مطابق حسب روایت سابق وقت مقرر پر شروع ہوئیں اور جملہ تعلیمی سرگرمیاں مع تدریس وامتحانات بروجہ احسن وقت مقرر پر انجام پذیر ہوئیں، جامعہ کی امتیازی خصوصیت دینی وعصری تعلیم کا امتزاج اور ٹیکنیکل تعلیم کا اہتمام اس آن لائن تعلیمی نظام میں کافی معاون ثابت ہوا۔

## ای میگزین "ماہنامہ جامعۃ الرضا" کا اجرا:

مرکز کا پیغام عوام اہل سنت تک پہونچانے کے لئے اس تعلیمی سال میں ادارے کے اساتذہ نے باہمی مشورے سے گیارہویں شریف کے حسین موقع پر حضور قائد ملت حضرت علامہ مفتی عسجد رضا خاں قادری دام ظلہ کے دست مبارک سے جامعہ کی ماہانہ ای میگزین "ماہنامہ جامعۃ الرضا" کا اجرا کرایا جس میں اصلاح عقائد، سیرت نبوی، فقہی تحقیقات، فکر آخرت اور التزاما امام اہل سنت کی تحقیقی تصانیف کے تعارف وغیرہ پر مشتمل اساتذۂ جامعہ کی گراں قدر تحریریں شائع ہوتی ہیں۔ میگزین ہر قمری ماہ کی ۲۷ ویں شب کو شائع ہوتی ہے جو واٹس اپ، فیسبک، ٹیلیگرام، انسٹاگرام وغیرہ سوشل میڈیا مراکز نیز جامعہ کی ویب سائٹ اور انڈورائڈ ایپ پر پڑھی اور ڈاؤنلوڈ کی جاسکتی ہے۔

## "شرعی کونسل" و "رفیق سفر" انڈورائڈ ایپ کی لانچنگ:

جامعہ کی متحرک وفعال آئی ٹی ٹیم نے اس ٹکنالوجی کے دور میں عصری تعلیم یافتہ بالخصوص نوجوان نسل تک شرعی کونسل آف انڈیا بریلی شریف کے زیر اہتمام اب تک ہونے والے ۱۸ کامیاب فقہی سیمینار کی روداد جس میں سیمینار کے انعقاد کی تاریخ وجائے وقوع کے ساتھ سوالنامے اور فیصلہ جات کا اینڈورائڈ ایپ بنایا ہے۔ نیز حج وعمرہ جیسے مبارک ومسعود سفر کے لئے مسائل حج وعمرہ اور اس سفر کی مخصوص دعاؤوں پر مشتمل ایک اینڈورائڈ ایپ بنام "رفیق سفر" بنایا ہے، ان ایپس کی لانچنگ بھی حضور قائد ملت دام ظلہ کے دست مبارک سے عمل میں آئی۔ رفیق سفر ایپ ابھی فقط English میں ہے، ان شاء اللہ جلد ہی اس کے ہندی اور اردو version بھی منظر عام پر ہوں گے۔

## جاری منصوبے

حامدی مسجد۔۔۔(کام جاری)

نوری اسٹاف کالونی۔۔۔(کام جاری)

## مستقبل کے منصوبے

قادری ہاسٹل

واٹر ٹینک

حجۃ الاسلام ڈائننگ ہال

مستقل عمارت برائے تاج الشریعہ لائبریری

مستقل عمارت برائے دار التجوید والتحفیظ

مستقل عمارت برائے انتظامیہ

مستقل عمارت برائے شعبۂ کمپیوٹر

جیلانی گیسٹ ہاؤس

علامہ نقی علی کمرشیل کامپلیکس

مستقل عمارت برائے شعبۂ تحقیق وافتاء



## ہمارے شعبہ جات:

- شعبۂ تحقیق وافتاء
- شعبۂ درسِ نظامی
- شعبۂ حفظ وقراءت
- شعبۂ علوم عصریہ
- شعبۂ کمپیوٹر سائنس
- شعبۂ نشرواشاعت

# جامعۃ الرضا اور ہماری ذمہ داری

آپ حضرات کی توجہ جامعہ کی امداد کے واسطے اس لئے مبذول کرائی جارہی ہے کہ جامعہ میں تعلیم حاصل کرنے والے طلبہ پر جامعہ کسی طرح کی کوئی کسر نہیں چھوڑتا اور ان کے قیام وطعام وتعلیم کے واسطے تمام ترضروریات کو بغیر کسی فیس کے جامعہ مہیا کراتا ہے۔ ایک طالب علم پر رواں سال میں فی ماہ خرچ ہونے والی رقم تقریباً 3500 روپے ہے جس میں اس کی تعلیم، قیام وطعام، کتابیں وغیرہ تمام چیزیں شامل ہیں۔ جامعہ طلبہ کی تعلیم وتربیت میں کسی طرح کی کوئی کمی نہیں رکھتا حتیٰ کہ ان کی بہتری کے لئے الگ سے اساتذہ و دیگر سہولتیں فراہم کرتا ہے جیسے کہ صوبائی حکومت سے منظور شدہ CCC کا کورس کروانا، طلبہ کو عربی محادثے کا خصوصی کورس کروانا، لہٰذا آپ حضرات اندازہ لگا سکتے ہیں کہ جامعۃ الرضا اپنے طلبہ کو خود کفیل کے ساتھ ساتھ ماہر فن ویگانۂ روزگار بنانے میں کوئی کسر نہیں چھوڑتا ہے اور نہ ہی کسی طرح کی کوئی فیس لیتا ہے۔ اس لئے آپ حضرات کو چاہئے کہ مرکز اہلسنت بریلی شریف کے اس عظیم اور محبوب ادارے کو ہر پل یاد رکھیں اور اس کی کامیابی وکامرانی کے واسطے بہر حال کوشاں رہیں اور اپنے صدقات وعطیات وزکوٰۃ سے جامعہ کا تعاون کرتے رہیں تاکہ آپ کے اور آپ کے مرحومین کے لئے ثواب جاریہ بن سکے اور آخرت میں صلاح وفلاح کا ضامن ہو سکے۔

## طریقۂ امداد

آپ حضرات اپنے عطیات، صدقات وزکوٰۃ کو ادارے کے بینک اکاؤنٹ میں سیدھے منتقل کر سکتے ہیں یا ادارے کے نام اپنے چیک، ڈرافٹ یا منی آرڈر ارسال فرما سکتے ہیں۔ چیک ڈرافٹ یا منی آرڈر اس نام اور پتے سے روانہ کریں۔

**Imam Ahmad Raza Trust**

82, Saudagaran, Dargah Ala Hazrat, Bareilly Sharif-243003

ادارے کے اکاؤنٹ میں اپنی رقم کو ٹرانسفر کرنے کے لئے

A/c Name: Imam Ahmad Raza Trust

SBI A/c Number: 30078123009

IFSC Code: SBIN0000597

Exempt Under Section 80 G

آن لائن رقم ارسال کرنے کے لئے ادارے کی ویب سائٹ www.jamiaturraza.com پر Donation Section میں جائیں۔ یا جامعہ میں پہونچ کر امدادی رقم جمع کر کے رسید حاصل کر سکتے ہیں۔

**تعاون کی صورتیں**

جامعہ کی امداد آپ حضرات مندرجہ ذیل طریقوں سے کر سکتے ہیں:

☐ تعمیری کاموں میں تعمیر سے متعلق اشیاء فراہم کرا کر۔ ☐ تعمیری کاموں میں براہ راست رقم ارسال کر کے۔ ☐ جامعہ میں پڑھنے والے طلبا پر ہونے والے خرچ کی کفالت کر کے۔ ☐ جامعہ کے مطبخ میں کھانے پینے کے سامان مہیا کرا کے۔ ☐ لائبریری کو کتابیں مہیا کرا کے۔ ☐ ادارے میں ہونے والے ادبی، ثقافتی امور میں براہ راست حصہ لے کر۔ ☐ طلبہ کے واسطے کتابیں، ڈریس یا دیگر اشیا فراہم کر کے۔